The Absolute Reality
www.quran4u.com

قَدْ أَفْلَحَ مَن زَكَّاهَا وَقَدْ خَابَ مَن دَسَّاهَا

کہ جس نے (اپنے) نفس (یعنی روح) کو پاک رکھا وہ مراد
کو پہنچا اور جس نے اسے خاک میں ملایا وہ خسارے میں رہا

Quran With Urdu Translation

Fateh Muhammad Jalundhari
(فتح محمد جالندهري)

سورۃ الشمس

Urdu Translation اردو ترجمہ

Click This Bar to Listen Audio

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

وَالشَّمْسِ وَضُحَاهَا (1)

سورج کی قسم اور اس کی روشنی کی

وَالْقَمَرِ إِذَا تَلَاهَا (2)

اور چاند کی جب اس کے پیچھے نکلے

وَالنَّهَارِ إِذَا جَلَّاهَا (3)

اور دن کی جب اسے چمکا دے

وَاللَّيْلِ إِذَا يَغْشَاهَا (4)

اور رات کی جب اسے چھپا لے

وَالسَّمَاءِ وَمَا بَنَاهَا (5)

اور آسمان کی اور اس ذات کی جس نے اسے بنایا

وَالْأَرْضِ وَمَا طَحَاهَا (6)

اور زمین کی اور اسکی جس نے اسے پھیلایا

وَنَفْسٍ وَمَا سَوَّاهَا (7)

اور انسان کی اور اس کی جس نے اس (کے اعضاء) کو برابر کیا

فَأَلْهَمَهَا فُجُورَهَا وَتَقْوَاهَا (8)

پھر اس کو بدکاری (سے بچنے) اور پرہیزگاری کرنے کی سمجھ دی

قَدْ أَفْلَحَ مَنْ زَكَّاهَا (9)

کہ جس نے (اپنے) نفس (یعنی روح) کو پاک رکھا وہ مراد کو پہنچا

وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسَّاهَا (10)

اور جس نے اسے خاک میں ملایا وہ خسارے میں رہا

كَذَّبَتْ ثَمُودُ بِطَغْوَاهَا (11)

(قوم ثمود) نے اپنی سرکشی کے سبب (پیغمبر) کو جھٹلایا

إِذِ انْبَعَثَ أَشْقَاهَا (12)

جب ان میں سے ایک نہایت بدبخت اٹھا

فَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللَّهِ نَاقَةَ اللَّهِ وَسُقْيَاهَا (13)

تو خدا کے پیغمبر (صالح) نے ان سے کہا کہ خدا کی اونٹنی اور اسکے پانی پینے کی باری سے حذر کرو

فَكَذَّبُوهُ فَعَقَرُوهَا فَدَمْدَمَ عَلَيْهِمْ رَبُّهُمْ بِذَنْبِهِمْ فَسَوَّاهَا (14)

مگر انہوں نے پیغمبر کو جھٹلایا اور اونٹنی کی کونچیں کاٹ دیں تو خدا نے انکے
گناہ کے سبب ان پر عذاب نازل کیا اور سب کو (ہلاک کر کے) برابر کر دیا

وَلَا يَخَافُ عُقْبَاهَا (15)

اور اس کو ان کے بدلا لینے کا کچھ بھی ڈر نہیں

© Copy Rights:
Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com